www.dailyqadamat.com ●●● E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Member APNS/CPNE | ABC CERTIFIED | قوم کی خدمت کا پاسبان

روزنامہ
قدامت
Daily QADAMAT Lahore
لاہور
ایڈیٹر انچیف
ایم گلزار مصطفائی
ایڈیٹر
کاشف شہزاد
مینجنگ ایڈیٹر
عمران انجم

جلد نمبر 15 | بدھ 18 رمضان المبارک 1446ھ 19 مارچ 2025ء | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 112

رمضان میں اسرائیل کا وحشیانہ حملہ، خواتین اور بچوں سمیت 330 سے زائد فلسطینی شہید

جنگ بندی ختم ہوتے ہی نہتے فلسطینیوں پر خوفناک بمباری، رات کی تاریکی میں غزہ کی عمارتیں ملبے کا ڈھیر، شہداء کی مجموعی تعداد 48 ہزار 572 تک جا پہنچی

لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری و دیگر عہدیداران صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ زاہد بخاری کو لاہور پریس کلب آمد پر پھول پیش کر رہے ہیں

غزہ (سید نیوز) غزہ میں رمضان المبارک کے دوران اسرائیلی فورسز نے جنگ بندی ختم کرتے ہوئے نہتے فلسطینیوں پر خوفناک بمباری کی، میس

بقیہ صفحہ 25

وزیراعظم 3 روزہ دورے پر آج سعودی عرب روانہ ہوں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز

بقیہ صفحہ 26

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری کا لاہور پریس کلب کا دورہ

لاہور (خالد رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات

بقیہ صفحہ 27

معرکہ بدر اہل ایمان کی جرات واستقامت کا مظہر: مفتی کریم

امت مسلمہ عفت رفتہ کی بحالی کیلئے جہاد کا راستہ اختیار کرے، یوم بدر پر خطاب

غزوہ بدر کے نتیجے میں دین حق غالب اور کفر مغلوب ہوا، کرم رضوی کا اظہار خیال

لاہور (پ ر) وفاقی المدارس الاسلامیہ رابطہ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر محمد کریم خان نے کہا ہے کہ معرکہ بدر اہل ایمان کی جرات و استقامت کا مظہر ہے۔ امت مسلمہ عفت رفتہ کی بحالی کیلئے جہاد کا راستہ اختیار کرے۔ سام الجاہدین

بقیہ صفحہ 24

سیاسی و عسکری قیادت کا دہشت گردی کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل درآمد کا اتفاق

مضبوط اور مربوط حکمت عملی کے تحت قومی سماجی کوہیشن بنایا جائے، دہشت گردوں کے سہولت کاروں کا خاتمہ ممکن بنانے کیلئے منظم حکمت عملی بنائی ہوگی، دہشت گردی کی حمایت کرنیوالے ہر گروہ کیخلاف موثر کارروائی کی جائیگی، انسداد دہشت گردی کیلئے جامع ایکشن پلان اور مستقل حکمت عملی پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائیگا، اعلامیہ

کمیٹی کی پروپیگنڈا اپچالنے، بے بنیاد بیانیہ گھڑنے اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوششوں کی مذمت اور سوشل میڈیا پر دہشت گردی کے بیانیے کو فروغ دینے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی سفارش، اسپیکر قومی اسمبلی کی دوخواست پر چیف آف آرمی سٹاف جنرل حافظ عاصم منیر نے دعا کرائی

’اغوش‘ پروگرام کمسن بچوں اور ماں حاملہ خواتین کو 23 ہزار روپے دینے کا اعلان

پہلے مرحلے میں 13 اضلاع ’’آغوش‘‘ پروگرام کے تحت نومولود بچوں کی ماؤں اور حاملہ خواتین کو امدادی رقم ملے گی

آغاز ڈیرہ غازی خان، تونسہ، راجن پور، لیہ، مظفر گڑھ اور کوٹ ادو سے ہوگا، معلومات کیلئے ٹال فری نمبر بھی جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ مریم نواز نے اپنی ٹوئیٹ کا پیغام ’’آغوش‘‘ پروگرام شروع

بقیہ صفحہ 1

آزاد ویلفیئر فاؤنڈیشن کا یتیم بچوں کیساتھ افطار ڈنر

اسلام یتیم بچوں کی کفالت کا عظیم ذریعہ ہے، چیئرپرسن ڈاکٹر مہافاطمہ کا اظہار خیال

رمضان المبارک کی خوشیوں میں یتیم بچوں کو بھی یاد رکھیں فاؤنڈیشن حافظ محمد بلاول

لاہور (کال نیوز) آزاد ویلفیئر فاؤنڈیشن کی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر کی کاوشوں سے یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر یتیم بچوں کے ساتھ افطار کا اہتمام کیا گیا اور بچوں میں غیر مسلم یتیم بچے بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر چیئرپرسن ڈاکٹر مہا فاطمہ نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت کا عظیم ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یتیم بچوں کو بھی یاد رکھیں فاؤنڈیشن کے چیف آپریٹنگ آفیسر حافظ محمد بلاول نے کہا کہ رمضان المبارک کی خوشیوں میں

مضبوط حکمت عملی، محفوظ پاکستان

پرواز

راؤ محمد طاہر

raotahirisb@gmail.com

پاکستان دشمن پروپیگنڈے پر مبنی زہر آلود لٹریچر کی تشہیر، بلیٹن، مقاصد پر ہوتے ہیں جن کی سرپرستی بھارت ہی کرتا ہے محض نیت، درک اس کا ایک ثبوت ہے بلوچستان کی معدنی دولت اس کے قدرتی وسائل اور جغرافیائی اہمیت کی بدولت بلی پاکستان رقبے کے اعتبار سے دنیا کا ایک بڑا ملک ہے اور یہاں کے معدنی ذخائر ہمارے خسرے میں لکھے ہیں اس نہ سمائے موجے میں دنیا کی بجٹرین 43 معدنیات کے متبع ذخائر موجود ہیں جو صرف صوبہ بلوچستان بلکہ بھی معاشی سائل کا تاثر ہے اس کے یہاں بلوچستان کا سبب بن سکتے ہیں کا دورے پورٹ کی تعمیر اور پاکستان کی معیشت پر اس کے گہرے مثبت اثرات کے ساتھ مسلط اثنیاء سے اقتصادی تعلقات شاہدار مستقبل اور ایک نئی سیاسی سمت پاکستان کو جس نظام سے لے جا رہی ہے وہی بڑی طاقتوں کو بھی تکلیف ہے اس لئے اقتصادی راہداری کے تحت مرکزی سمندر کو اور بندرگاہ اور تعلق ہیں کے ذیادی ذمہ داری تعمیر تو دنیا کی منصوبہ جات اور صنعتی خدادن کیلئے (دن فور) دھماکے کا مہمانی سے تکمیل اور اسکے دوسرے مرحلے پر تیز رفتاری کیساتھ آغاز کی جیسے پاکستان مخالف عناصر کی نیندیں حرام ہو رہی ہیں اسلئے اب ہمارے صوبوں میں جہاں سے سڑک گزرے گی اور جہاں گوادر کے مقام پر اس کا اختتام ہوگا وہاں اناڑی اور ہاتھی پیدا کرنے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے بلوچستان میں حالیہ دہشت گردی کی لہر کے پیچھے کے دیگر کئی عوامل تھے لیکن ایک سبب یہ بھی ہے کہ پہلے اداروں کو تعمیر چیز کی دہشت گردوں اور باغیوں کے خلاف حفاظت کا ذمہ لگا کر بلوچستان کو پاکستان کیخلاف جاسوسی اور فریب دینے سے باز کیا جا رہا ہے دہشت گردی کا ذمہ دار ہونے کے خلاف بذا آپریشن ہونا چاہیے اگر مخالفانہ کا خوف ختم ہو سکے۔ ارباب اقتدار واقتدار اور تمام سیاسی قائدین کو بھٹکر اسٹیبلیشن کے ذمہ داری کے ذمہ داری کی تعمیر کیلئے ہم بے حد جذباتی ہونا ہوگا دوقائی اور صوبوں کو دہشت گردی کے دور سے نمٹنے کیلئے ایک اچھا پروگرام ہوگا کہ بلوچستان میں ایک معاملہ صرف ذی ایل ہے ذی ایل ہی نہیں صوبہ وکیل، وابستگی کورکی کی گئی کیا کیش تشریح کے ہر کرنے کو صوبائی حکومت سے کوئی فرورا اور ہمارے حساس ادارے دہشت گردوں کا پہلے سے بڑے سے کرنے جواب دیں کے دوسرے کی انتظامات واقدامات کیلئے بالکر ہیں ان دونوں کا مشترکہ ایک ہی ہے کہ ہر قیمت پر ہمیں ہر صورت کے ہمیں کے کوئی سنہ بے اور ہمارے ہاں کے ہمارے ہاں کے ہمارے ہاں کے

بقیہ 1

کرکے لاقانون کرار دیں جس کے تحت 2 سال سے مسلم عمر یحیٰ کی ماں اور عارف خانم کیس کو "آغوش" پروگرام کے تحت 23 فروری کو شائع کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق تکوحت طالب بابی چاہت بے چاریاں میں کیا گیا کہ ایک لڑکا جو کہ 13 فروری کو "آغوش" پروگرام کے تحت لاہور پہنچا تھا، اس کے ساتھ زیادتی کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق لڑکا جو کہ 13 سال کا ہے، مزید تفتیش پر پتہ چلا کہ یہ بچہ اپنے والد کے ساتھ تنازعہ کے بعد گھر سے نکل گیا تھا۔ لڑکا جو کہ 15 سال کا ہے، کو اس کے والد نے ایک ٹرک ڈرائیور کے حوالے کر دیا تھا۔ ٹرک ڈرائیور نے لڑکے کو اپنے ساتھ رکھا اور اس کے ساتھ زیادتی کی۔ لڑکا جو کہ 15 سال کا ہے، کو ٹرک ڈرائیور نے 4 ماہ تک

روزنامہ قدامت
SPECIAL EDITION
اشاعت خاص

حکیم احمد حسین اتحادی

پاک سعودی برادرانہ تعلقات

30,000 فوڈ پیکیجز انسانی خدمت اور اُخوت کی شاندار مثال

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات ہمیشہ سے اسلامی اخوت، بھائی چارے اور باہمی تعاون کی بنیاد پر استوار رہے ہیں۔ دونوں ممالک نے ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا، چاہے وہ قدرتی آفات ہوں، اقتصادی بحران ہوں یا فلاحی منصوبے۔ سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں کیے گئے بے شمار امدادی اقدامات ان برادرانہ تعلقات کی روشن مثال ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی سنگ سلمان ریلیف سینٹر کی جانب سے رمضان المبارک میں 30,000 فوڈ پیکجز کی تقسیم ہے، جس سے لاکھوں مستحق پاکستانیوں کو غذائی تحفظ فراہم کیا۔

سنگ سلمان ریلیف سینٹر، جو 2015 میں قائم ہوا، دنیا بھر میں فلاحی خدمات انجام دے رہا ہے۔ اس ادارے کا بنیادی مقصد جنگ زدہ علاقوں، قدرتی آفات سے متاثر خطوں اور پسماندہ معاشروں میں ضرورت مندوں کی مدد کرنا ہے۔ پاکستان میں بھی یہ ادارہ تعلیم، صحت، غذائی تحفظ اور دیگر فلاحی منصوبوں پر کام کر رہا ہے۔ رمضان المبارک میں لاکھوں پاکستانی خاندانوں کے لیے فوڈ پیکجز کسی نعمت سے کم نہیں، جو سعودی عرب کی طرف سے 1,47,500 فوڈ پیکجز تقسیم کیے جائیں گے، جس سے ایک ملین سے زائد افراد مستفید ہوں گے۔ اس اہم منصوبے کا مقصد فوڈ سیکورٹی کے مسائل پر قابو پانا اور کمزور خاندانوں کی غذائی قلت کو ختم کرنا ہے۔ یہ تقسیم جینٹل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز اور مقامی حکومتی حکام کے تعاون سے عمل میں لائی جائے گی تاکہ امداد ان مستحق افراد تک پہنچے جنہیں سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ یہ صاف شفاف طریقہ کار نہایت قابل تعریف ہے۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ پاکستان اسلامک کونسل کے توسط سے سعودی عرب نے پاکستان میں بے شمار پروجیکٹس پر کام کیا ہے، جن میں تعلیمی ادارے، مساجد، رفاہی مراکز، پانی کے منصوبے اور طبی سہولیات شامل ہیں۔ پاکستان اسلامک کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر حافظ اسعود عبدالرشید اظہر نے اس فلاحی اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے عوام کی مدد کے لیے آگے بڑھا ہے اور سنگ سلمان ریلیف سینٹر کی جانب سے رمضان المبارک میں یہ فوڈ پیکجز گلگت بلتستان ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، ایمٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور مقامی ضلعی انتظامیہ نے اہم کردار ادا کیا۔ ہر فوڈ پیکج میں 80 کلو آٹا، 5 لیٹر کوکنگ آئل، 5 کلو چینی اور 5 کلو دال چنا شامل تھا، جو ایک خاندان کے لیے مہینے بھر کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہے۔ ان کے علاوہ مختلف علاقوں میں مزید فوڈ پیکجز کی فراہمی جاری ہے اور عید الفطر پر بھی خصوصی گفٹ پیکجز تقسیم ہوں گے۔

یاد رہے کہ سنگ سلمان ہیومینٹیرین ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر نے اعلان کیا ہے کہ دسمبر 2024 سے نومبر 2025 تک پاکستان بھر میں 14,000 ٹن وزن کے 1,47,500 فوڈ پیکجز تقسیم کیے جائیں گے، جس سے ایک ملین سے زائد افراد مستفید ہوں گے۔ اس اہم منصوبے کا مقصد فوڈ سیکورٹی کے مسائل پر قابو پانا اور کمزور خاندانوں کی غذائی قلت کو ختم کرنا ہے۔ یہ تقسیم جینٹل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز، مقامی حکومتی حکام کے تعاون سے عمل میں لائی جائے گی تاکہ امداد ان مستحق افراد تک پہنچے جنہیں سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ یہ صاف شفاف طریقہ کار نہایت قابل تعریف ہے۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ پاکستان اسلامک کونسل کے توسط سے سعودی عرب نے پاکستان میں بے شمار پروجیکٹس پر کام کیا ہے، جن میں تعلیمی ادارے، مساجد، رفاہی مراکز، پانی کے منصوبے اور طبی سہولیات شامل ہیں۔ پاکستان اسلامک کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر حافظ اسعود عبدالرشید اظہر نے اس فلاحی اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے عوام کی مدد کے لیے آگے بڑھا ہے اور کنگ سلمان ریلیف سینٹر کی جانب سے رمضان المبارک میں یہ فوڈ پیکجز کی تقسیم ایک عظیم خدمت ہے۔ یہ اقدام پاک سعودی عرب کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کی عکاسی کرتا ہے اور لاکھوں ضرورت مندوں کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب پاکستان کو اپنا برادر اسلامی ملک سمجھتا ہے اور ہمیشہ اس کے ساتھ کھڑا رہا ہے۔ سعودی حکومت پاکستان میں فلاحی منصوبوں، تعلیم، صحت اور قدرتی آفات کے دوران امدادی سرگرمیوں کو ترجیح دیتی ہے۔ ان کے مطابق، پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات محض سفارتی نہیں بلکہ دینی، ثقافتی اور عوامی سطح پر بھی گہرے روابط پر مشتمل ہیں، اور ان شاء اللہ سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے ساتھ ہر مرحلے تعاون جاری رکھے گا۔

اسی طرح، پارلیمنٹ آف پاکستان میں پاک سعودی عرب فرینڈشپ گروپ کے رکن اور ممبر قومی اسمبلی محمد خان ڈاہا نے بھی سعودی حکومت کے اس انسان دوست اقدام کو زبردست الفاظ میں سراہا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے عوام کے لیے فراخدلانہ امداد فراہم کرتا رہا ہے اور رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں غذائی اشیاء کی پیڑ اہی اسلامی اخوت، ہمدردی اور ایثار کی اعلیٰ مثال ہے۔ ان کے مطابق، پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات محض سفارتی نوعیت کے نہیں بلکہ دینی، تاریخی اور ثقافتی بنیادوں پر بھی انتہائی مضبوط ہیں۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے بے لوث تعاون کیا ہے، جو دونوں ممالک کے درمیان لازوال دوستی کا ثبوت ہے۔

سعودی عرب کی امدادی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات اسلامی اخوت، باہمی اعتماد اور بھائی چارے پر مبنی ہیں۔ پاکستانی عوام خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی قیادت میں سعودی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ خصوصی تعاون اور فلاحی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں رلیف پیکجز انسانی فلاح و بہبود کے منصوبے اور قدرتی آفات کے دوران فراہم کی جانے والی امداد قابل تحسین ہے۔ سعودی حکومت ہمیشہ پاکستان کے عوام کے ساتھ کھڑی رہی ہے، اور دونوں ممالک کے تاریخی تعلقات کو مزید مستحکم کرتے ہوئے انہیں نئی بلندیوں تک لے جایا جائے گا۔

یہ امدادی مہم پاک سعودی عرب کے بہترین دوستانہ تعلقات کی ایک جیتی جاگتی مثال ہے۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کے ساتھ برادرانہ تعلقات قائم رکھے ہیں اور ہر مشکل وقت میں پاکستان کی مدد کی ہے۔ رمضان المبارک کے دوران لاکھوں پاکستانی مستحقین کو خوراک فراہم کرنا دونوں ممالک کے درمیان محبت اور بھائی چارے کے جذبات کو مزید مستحکم کرتا ہے۔

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی قیادت میں سعودی عرب نے نہ صرف اپنی معیشت کو جدید خطوط پر استوار کیا بلکہ بین الاقوامی فلاحی سرگرمیوں میں بھی نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ ان کی وژن 2030 کے تحت، سعودی عرب ایک ترقی یافتہ اور جدید اسلامی ریاست کے طور پر ابھر رہا ہے جو پوری دنیا میں امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے کام کر رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ ان کے گہرے تعلقات اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ سعودی عرب ہمیشہ پاکستانی عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا اور ہر مشکل وقت میں ان کی مدد کرے گا۔

سعودی عرب کے سفیر فواف بن سعید المالکی کی قائدانہ صلاحیتوں نے پاکستان میں سعودی عرب کے فلاحی اقدامات کو کامیابی سے آگے بڑھایا ہے اور ان کی رہنمائی میں پاک سعودی تعلقات مزید مستحکم ہوئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور سعودی عوام کو سلامت رکھے، ان کی کاوشوں کو قبول فرمائے اور پاک سعودی عرب برادرانہ تعلقات کو مزید جدید اسلامی ریاست کے طور پر ابھر رہا ہے استحکام عطا کرے۔ آمین۔

چیف شیر ایم کھگرا نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فرتھ فلور ٹاج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا جوائنٹ ایڈیٹر ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی ڈپٹی ایڈیٹرز بن ملک سینئر ایڈیٹر ایم ایم ابراہیم اکرم ایڈیٹر انوسٹی گیشن : میاں مشتاق